ROLL NUMBER					
⓪	⓪	⓪	⓪	⓪	⓪
①	①	①	①	①	①
②	②	②	②	②	②
③	③	③	③	③	③
④	④	④	④	④	④
⑤	⑤	⑤	⑤	⑤	⑤
⑥	⑥	⑥	⑥	⑥	⑥
⑦	⑦	⑦	⑦	⑦	⑦
⑧	⑧	⑧	⑧	⑧	⑧
⑨	⑨	⑨	⑨	⑨	⑨

Version No.			
4	3	8	1
⓪	⓪	⓪	⓪
①	①	①	●
②	②	②	②
③	●	③	③
●	④	④	④
⑤	⑤	⑤	⑤
⑥	⑥	⑥	⑥
⑦	⑦	⑦	⑦
⑧	⑧	●	⑧
⑨	⑨	⑨	⑨

اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی -II

حصہ اوّل (کُل نمبر 20)

وقت: 25 منٹ

Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.

Do not use lead pencil.

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دیے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. _____ **Candidate Sign.** _____

Invigilator Sign. _____

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پُر کریں۔

Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:

	سوال	الف	ب	ج	د	الف	ب	ج	د
1.	سوانح نگاری کی ایک صورت کا نام _____ ہے۔	صورت گری	شخصیت نگاری	روداد نویسی	آپ بیتی	○	○	○	○
2.	"الفاروق" "المامون" دو ایسی کتابیں ہیں جنھوں نے مسلمانوں کو ان کی گزشتہ عظمت سے روشناس کروانے میں خاصا کردار ادا کیا ہے۔ ان کتابوں کے مصنف کا نام بتائیے۔	مولانا شبلی نعمانی	مولانا ظفر علی خان	جاوید احمد غامدی	علامہ اقبالؒ	○	○	○	○
3.	قاضی محمد سلیمان منصور پوری اردو سیرت نگاری میں ایک بلند مقام رکھتے ہیں بتائیے سیرت کی کس کتاب نے انھیں بقائے دوام بخشی ہے۔	سیرت النبیؐ	الرحیق المختوم	میرے نبیؐ	رحمۃ اللعالمینؐ	○	○	○	○
4.	کون سی شخصیت اردو زبان وادب سے بے پناہ محبت اور اس کے لیے گراں قدر خدمات انجام دینے کے باعث "بابائے اُردو" کہلائی؟	مولانا الطاف حسین حالیؔ	مولوی عبدالحق	نذیر احمد	صلاح الدین درویش	○	○	○	○
5.	"حیات سعدی" "تاد گارِ غالب" اور "مقدمہ شعر وشاعری" جیسی بڑی کتابوں نے اردو قارئین میں ذوقِ شعر کو پیدا کرنے میں بڑا کردار ادا کیا۔ ان کتابوں کے مصنف کا نام کیا ہے؟	مرزا غالبؔ	جگر مراد آبادی	محسن کاکوروی	مولانا الطاف حسین حالیؔ	○	○	○	○
6.	"چند ہم عصر" مولوی عبدالحق کی کتاب ہے۔ بتائیے اس کا موضوع کیا ہے؟	شاعری	سیاست	خاکہ نگاری	انشائیہ نگاری	○	○	○	○
7.	نصاب میں شامل سبق "ایک وصیت کی تکمیل" ایک خاکہ ہے جو کہ مرزا فرحت اللہ بیگ نے لکھا ہے۔ بتائیے یہ کس شخصیت کا خاکہ ہے؟	مولوی عبدالحق	وزیر آغا	پریم چند	مولوی وحید الدین سلیم	○	○	○	○
8.	اصطلاح سازی ایک مشکل اور علمی شعبہ علم ہے۔ اردو کی کون سی شخصیت اس فن میں خاص ملکہ رکھتی تھی؟	علامہ اقبالؒ	خواجہ حسن نظامی	مولوی وحید الدین سلیم	مولوی کریم الدین	○	○	○	○
9.	شعر کا معنی کیا ہے؟	پیٹنا	تنظیم کرنا	کھول دینا	گوندھنا	○	○	○	○
10.	درج شدہ میں سے کس خصوصیت کو غزل کا لازمہ قرار دیا جاسکتا ہے؟	خوش دلی کو	سوز وگداز کو	فلسفے کو	علم وحکمت کو	○	○	○	○

	سوال	الف	ب	ج	د	الف	ب	ج	د
11.	"پریشان خیالی" کس صنف شاعری کی بڑی خصوصیت ہے، اگر چہ اسی خصوصیت کے باعث اس پر بہت سے اعتراضات بھی کیے گئے؟	غزل	نظم	قصیدہ	رباعی	○	○	○	○
12.	ریختہ کا مُوجد، اردو کا چاسر اور غزل کا باوا آدم یہ تمام القاب اردو کے کس شاعر کے ہیں؟	شاہ ولی	ولی دکنی	داغؔ دہلوی	میر تقی میرؔ	○	○	○	○
13.	تصوف کس شاعر کا سب سے بڑا موضوع رہا ہے؟	خواجہ میر دردؔ	الطاف حسین حالیؔ	غالبؔ	اقبالؔ	○	○	○	○
14.	غم پسندی، دردمندی، سوز و گداز، دنیا کی بے ثباتی اور زندگی کی ناپائیداری جیسے موضوعات کس شاعر کے ہاں جا بہ جا دکھائی دیتے ہیں؟	حسرت موہانی	میر حسن	میر تقی میرؔ	دیا شنکر نسیم	○	○	○	○
15.	نصاب میں شامل شاعر رحمان بابا کی نظم کس کی مذمت میں ہے؟	جھوٹ کی	پوری کی	فضول خرچی کی	عیب جوئی کی	○	○	○	○
16.	مصرعہ مکمل کریں۔ ؎ہر ایک چہرے کا ہے اپنا اپنا_____	عکس	اشارا	آئینہ	انداز	○	○	○	○
17.	ظفر علی خان کی وجہ شہرت بالعموم حمد کے علاوہ اور کون سی صنفِ شاعری ہے؟	غزل	منقبت	مثنوی	نعت	○	○	○	○
18.	مثنوی کا لفظ "مثنیٰ" سے ماخوذ ہے، بتایئے اس کے معنی کیا ہیں؟	سو سو	دو دو	ثانوی	ثالث	○	○	○	○
19.	اردو کی کس مشہور و مقبول مثنوی میں شہزادہ بے نظیر اور شہزادی بدر منیر کا قصہ بیان کیا گیا ہے؟	سحر البیان	گلزار نسیم	زہر عشق	داغ عشق	○	○	○	○
20.	جگر مراد آبادی کس سے اصلاح سخن لیتے تھے؟	حسرت موہانی	اصغر گونڈوی	علامہ اقبالؒ	فانی بدایونی	○	○	○	○

ROLL NUMBER					

اُردو اختیاری ایچ ایس ایس سی - II

وقت: 2:35 گھنٹے

کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم: 80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوئم (کُل نمبر 50)

سوال نمبر ۲: درج ذیل اجزاء کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں۔ **(10 x 3 = 30)**

(i) وزیر آغا کے انشائیوں کے پہلے مجموعے کا کیا نام ہے؟ نیز ان کے انشائیوں کا نمایاں عنصر کیا ہے؟

(ii) درج شدہ الفاظ کے معنی لکھیں۔ (کوئی سے تین) فقدان، استغراق، فراست، گراں بار، انجماد

(iii) سبق "جھینگر کا جنازہ" کے حوالے سے بتایئے کہ مصنف نے جھینگر کو کن خصوصیات کا حامل قرار دیا ہے؟

(iv) سبق "رحمۃ اللعالمین" کے حوالے سے بتایئے کہ رسولؐ اللہ (خاتم النبیین) کا لقب 'رحمۃ اللعالمین' دیگر مشاہیر کے القاب سے کیوں کر جامع تر ہے؟

(یا)

مولانا حالی کی طبیعت میں خاکساری کا وصف کس حد تک تھا؟

(v) فرحت اللہ بیگ نے مولوی وحید الدین سلیم کی کون سی خامیوں کی طرف اشارہ کیا ہے؟ ("ایک وصیت کی تعمیل" کے حوالے سے)

(vi) "گنج ہائے گراں مایہ" کس کی تصنیف ہے؟

(vii) سبق "نظم اور کلام موزوں کے بارے میں خیالات" کے حوالے سے بتایئے کہ مصنف نے فلاسفہ یونان کے مطابق کن دو چیزوں کو نہایت موزوں قرار دیا ہے؟

(یا)

کیا جنگل ترتیب کا محتاج ہے؟ (بحوالہ سبق بے ترتیبی)

(viii) سقراط کون تھا؟ اس کے فلسفے کے کوئی سے دو نکات لکھیں۔

(ix) مرزا غالبؔ کے کلام کی چند نمایاں خصوصیات تحریر کریں۔

(x) غزل کسے کہتے ہیں؟

(یا)

مولوی عبدالحق نے میر تقی میرؔ کو کن لفظوں میں خراجِ تحسین پیش کیا؟

سوال نمبر ۳: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: **(1+1+4=6)**

الف۔ مولوی صاحب کیا مرے، زبانِ اُردو کا ایک ستون گر گیا اور ایسا ستون گرا کہ اس جیسا بننا تو کجا، اس حصے میں اڑواڑ بھی لگانی مشکل ہے۔ ان کی جگہ بھرنے کے لیے دوسرے پروفیسر کی تلاش ہو رہی ہے۔ مگر عثمانیہ یونیورسٹی کے اربابِ حل وعقد لکھ رکھیں کہ چاہے اس سرے سے اس سرے تک، ہندوستان چھان مارو مولوی وحید الدین سلیم جیسا پروفیسر ملنا تو بڑی بات ہے ان کا پاسنگ بھی مل جائے تو غنیمت اور بہت غنیمت سمجھو۔

ب۔ مروت کے پُتلے تھے۔ جب تک خاص مجبوری نہ ہوتی کسی کی درخواست رد نہیں کرتے تھے۔ وقت بے وقت لوگ آجاتے اور فضول باتوں میں وقت ضائع کرتے۔ وہ بیٹھے سنا کرتے لیکن محض دل آزادی کے خیال سے یہ نہ ہوتا کہ خود اٹھ کر چلے جاتے یا کنایۃً اشارۃً کوئی ایسی بات کہتے کہ لوگ اٹھ جاتے حیدرآباد کے قیام میں، میں نے اس کا خوب تماشا دیکھا۔

ورق الٹیے

سوال نمبر۴۔ کسی ایک جزو کی بحوالہ شاعر تشریح کیجیے اور نظم کا عنوان بھی لکھیے: (1+4=5)

الف۔
چمن سے بھرا باغ، گل سے چمن
کہیں نرگس و گل، کہیں یا سمن
چمن آتشِ گل سے دہکا ہوا
ہوا کے سبب باغ مہکا ہوا

ب۔
نہیں موقوف خلاقی تری اس ایک دنیا پر
کیے ہیں ایسے ایسے سیکڑوں پیدا جہاں تُو نے
کسی کو تاکہ اپنی سر بلندی پر نہ غرّہ ہو
ازل سے کی نگوں ساری نصیبِ آسماں تُو نے

سوال نمبر۵۔ درج ذیل میں سے تین غزلیہ اشعار کی تشریح کیجیے۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیے: (3+3+3=9)

الف۔
دی بادشہی حق نے تجھے حسن نگر کی
یو کشورِ ایراں میں سلیمان سوں کہوں گا

ب۔
دیکھے غم سے اب کے جی میرا
نہ بچے گا بچے گا کیا ہو گا

ج۔
مت دشتِ محبت میں قدم رکھ کہ خضر کو
ہر گام پہ اس رہ میں سفر سے حذر آوے

د۔
اپنی جولاں گاہ زیرِ آسماں سمجھا تھا میں
آب وگل کے کھیل کو اپنا جہاں سمجھا تھا میں

ہ۔
گزر اوقات کر لیتا ہے یہ کوہ وبیاباں میں
کہ شاہین کے لیے ذلت ہے کار آشیاں بندی

حصہ سوئم (کُل نمبر 30)

سوال نمبر۶۔ "اردو میں سوانح نگاری / سیرت نگاری کی ایک مضبوط روایت موجود رہی ہے" آپ اس خیال پر اپنی رائے لکھیں۔ (10)

(یا)

غالب کے حالات زندگی اور شاعری پر نوٹ لکھیں۔

سوال نمبر۷۔ استعارہ کیا ہے؟ دو شعری مثالوں سے وضاحت کریں۔ (10)

(یا)

تشبیہ سے کیا مراد ہے؟ تفصیلاً تحریر کریں نیز شعری مثالوں سے وضاحت کریں۔

سوال نمبر۸۔ اردو ادب میں مزاح نگاری کی روایت پر تفصیلی روشنی ڈالیے۔ (10)

(یا)

"مکتوب نگاری" پر جامع نوٹ تحریر کریں۔